شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

04فروری2023ء

پریس ریلیز

مقبوضہ کشمیر کی آزادی پاکستان کی سلامتی کے لیے ناگزیر ہوچکی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): مقبوضہ کشمیر کی آزادی پاکستان کی سلامتی کے لیے ناگزیر ہو چکی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم 5فروری کا دن اہل کشمیر کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے طور پر مناتے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھارت کے عزائم بڑے خطرناک ہیں لہٰذا اب محض یوم کشمیر منانے کی بجائے عملی قدم اُٹھانے کی ضرورت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ 5اگست 2019ء کو جب بھارت نے آئین کی شق 370اور A-35 کو ختم کرکے مقبوضہ کشمیر کو بھارت میں ضم کردیا تھا تو یہ پاکستان کو کھلا چیلنج تھا۔ اس کے جواب میں پاکستان نے اُس وقت تک بھارت سے مذاکرات کرنے سے انکار کردیا تھا جب تک 370اور A-35 کو بحال نہیں کردیا جاتا۔ لیکن موجودہ حکومت کا بھارت کو مذاکرات کا عندیہ دینا انتہائی تشویش ناک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ جب تک بھارت 370اور A-35 کو بحال نہیں کردیتا اُس وقت تک مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس وقت مقبوضہ کشمیر میں مقبول ترین نعرہ پاکستان سے رشتہ کیا لاالہ الااللہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر پاکستان پہلے خود اپنا گھر درست نہیں کرتا اور عدل و قسط پر مبنی نظام کا نفاذ نہیں کرتا تو اِس نعرے کو عملی شکل کیسے دی جاسکے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر پاکستان صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بن جائے اور اُس کے ثمرات دنیا کے سامنے آجائیں تو بھارت کے لیے ممکن ہی نہیں رہے گا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں عوامی تحریک کو دبا سکے لہٰذا ہمارے لیے کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ ہم نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر دیں تاکہ اہل کشمیر کو ایک خصوصی کشش محسوس ہو اور اُن کی پاکستان کا حصہ بننے کی تحریک اتنی زور آور ہو جائے کہ بھارت کے لیے اُسے روکنا ممکن نہ رہے۔ تب ہی کشمیر بنے گا پاکستان کا نعرہ حقیقت کا روپ دھارے گا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان